سوال

متفرق

جواب

چند فقہی اصطلاحات کی وضاحت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ سنّت، مستحب اور نفل میں کیا فرق ہے، اسی طرح واجب اور فرض میں کیا فرق ہے؟ نیز یہ بھی بتائیں کیا ان اصطلاحات کو استعمال کرنا تقلید کہلاتا ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد! سنت، مستحب اور نفل ایک ہی چیز کے تین نام ہیں۔ یعنی ہر وہ عمل جس کا شارع نے حکم دیا ہو، لیکن اس کی تاکید نہ فرمائی ہو۔ فرض اور واجب میں جمہور اہل علم کے ہاں کوئی فرق نہیں ہے۔ صرف احناف فرق کرتے ہیں۔ احناف کے ہاں ہر وہ حکم جو قطعی ذریعہ سے حاصل ہو وہ فرض ہے اور جو ظنی ذریعہ سے حاصل ہو وہ واجب ہے۔ نہیں! ان اصطلاحات کو استعمال کرنا تقلید نہیں ہے، یہ اصطلاحات اہل علم ہی استعمال کرتے ہیں اور وہ اپنے اجتہاد سے ان کا نفاذ کرتے ہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب محدث فتوی کمیٹی